مکۃ المکرّمۃ

میرا دل ہے میری جاں ہے مکۃ المکرّمہ
شانِ ربِ دو جہاں ہے مکۃ المکرّمہ

یہ زمیں بچھی ہوئی ہے، جس قدر بھی دھر میں
عین اُس کے درمیاں ہے مکۃ المکرّمہ

مہبطِ وحی ہے کہ مولدِ ختم الرسلؐ
کس قدر بلند شان ہے مکۃ المکرّمہ

یہ حرم یہ خانہ کعبہ بیتِ ربِ دو جہاں
ہے وہیں پہ کہ جہاں ہے مکۃ المکرّمہ

رات ہو کہ دن طوافِ بیت ربِ ذوالجلال
گویا چشمہ رواں ہے مکۃ المکرّمہ

معبدِ حبیبؐ رب ہے یہ حرا یہ کوہِ نور
کتنا مُرتفع مکاں ہے مکۃ المکرّمہ

ملتزم پہ رو رہا ہے اور کوئی حطیم میں
سوز و غم کا ترجماں ہے مکۃ المکرّمہ

زم زم و صفا و مروۃ اور حجرِ سیاہ
ایک کہنہ داستاں ہے مکۃ المکرّمہ

یہ منیٰ، یہ مزدلفہ اور عرفات سب
گُل ہیں اور گلستاں ہے مکۃ المکرّمہ

عاجزؔ اس میں قصدِ معصیت بھی معصیت ہی ہے
وہ مقام امتحاں ہے مکۃ المکرّمہ

از: حضرت مولانا عبدالرحمٰن عاجز رحمہ اللہ